# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کہانی کو تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ جس طرح اس کہانی میں مختلف جانوروں کے بارے میں بتایا گیا ہے اسی طرح انسانوں کو کس کس بنیاد پر الگ کیا جا سکتا ہے۔ ممکنہ جوابات یہ ہو سکتے ہیں:<br>1 مختلف زبانوں کے بولنے والے لوگ<br>2 مختلف مذاہب کے ماننے والے لوگ<br>3 مختلف شکل و صورت کے لوگ<br>4 مختلف ملکوں میں رہنے والے لوگ |
| 10 منٹ | • بچوں کو بتائیں کہ ایک ہی ملک میں بھی کئی مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں اور ہر زبان کی اپنی اہمیت ہوتی ہے۔ مختلف زبانوں کا علم رکھنا یا مختلف زبانیں سمجھنا اور بولنا بڑا علم ہے۔ پاکستان مین بولی جانے والی زبانوں کی فہرست بورڈ پر بچوں کی مدد سے بنائیں۔<br>- پاکستان میں بولی جانے والی زبانیں:<br>اردو، سندھی، پنجابی، پشتو، ہندکو، گجراتی، سرائیکی، براہوی، بلتی<br>- بہت سے لوگ انگریزی زبان بھی بول اور لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے پوچھیے کہ اگر ان میں سے کسی کو اردو یا انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان آتی ہے تو وہ اس کے چند جملے بول کر سنائیں۔ ساتھ ہی اس کام کو مزید دلچسپ بنانے کے لئے اگر ٹیچر اسکول میں موجود کسی استاد یا کسی کام کرنے والے فرد سے (اگر وہ اردو کے علاوہ کوئی دوسری زبان بولتے ہوں) تو ان سے چند جملے ان کی زبانوں میں ادا کروائیں۔ اس سے کہانی کا کام مزید دلچسپ ہو سکتا ہے۔ |
| 10 منٹ | • کہانی میں جن جانوروں کا ذکر آیا ہے ان کی فہرست بورڈ پر لکھیں۔ |

## گھر کا کام

5 منٹ

- مندرجہ ذیل جملوں کا (پاکستان میں بولی جانے والی) کسی بھی دو زبانوں میں ترجمہ کر کے لائیں۔

1 السلام وعلیکم! آپ کیسے ہیں؟
2 میں بالکل ٹھیک ہوں۔
3 آپ کا نام کیا ہے؟
4 آپ کس اسکول میں پڑھتے ہیں؟
5 کہانی کے جانوروں کو کسی بھی دو زبانوں میں کیا کہتے ہیں لکھ کر لائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- 5 سے 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ tolerance کے کیا معنی ہیں۔ (نوٹ: بچوں کو سمجھائیں کہ tolerance کا مطلب ہے کہ اپنے سے مختلف مذہب یا زبان یا سوچ رکھنے والے لوگوں کی اتنی ہی عزت کرنا جتنی ہم اپنی کرتے ہیں۔)

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں معلوم ہے کہ کراچی (یا ان کے شہر میں) کن مذہب کے لوگ رہتے ہیں یا ان کی عبادت گاہیں موجود ہیں۔

10 منٹ

- دوسرے مذاہب کی بنیادی باتوں پر ایک پروجیکٹ شروع کروائیں۔ کلاس کو 6 گروپس میں تقسیم کریں اور ہر گروپ سے ایک بچے کو بلائیں۔ 6 پرچیاں پہلے سے تیار کریں جن پر نیچے دیئے گئے 6 مختلف مذاہب کے نام لکھے ہوں۔ ہر بچہ ایک پرچی اٹھائے گا اور اس مذہب پر گروپ معلومات جمع کرے گا۔

Islam, Christianity, Judaism, Hinduism, Zorastrianism, Buddhism

15 منٹ

- ٹیچر بورڈ پر نیچے دیئے ہوئے سوال لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ پروجیکٹ کے لئے پرچی پر لکھے ہوئے مذہب کے بارے میں معلومات حاصل کر کے لائیں۔ یہ بھی سمجھائیں کہ مزید معلومات بھی لا سکتے ہیں۔

1 مذہب کی ابتدا کب اور کیسے ہوئی؟

2 بنیادی تعلیمات کیا ہیں؟

3 تہوار کون کون سے ہیں اور کب منائے جاتے ہیں؟

4 عبادت گاہوں کو کیا کہتے ہیں؟

5 اس مذہب کے ماننے والوں کی اکثریت دنیا کے کس حصے میں ہے؟

**نوٹ:** ٹیچر کوشش کریں کہ پروجیکٹ کا کام یا تو ہفتہ اور اتوار کی چھٹیوں میں دیا جائے یا پھر اس کام کو مکمل کرنے کے لئے 2 یا 3 دن دیئے جائیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ جمع کی گئی معلومات کو ہر گروپ صفائی سے ایک کاغذ پر لکھے۔ اس بات کا خیال رکھے کہ ایک بات بار بار دہرائی نہ جائے۔ سیشن 5 میں ہر گروپ سے ایک بچہ جمع کی ہوئی معلومات کلاس میں پڑھ کر سنائے گا۔ اپنے پروجیکٹ والے مذہب سے تعلق رکھنے والی تصویریں بھی جمع کریں۔ یہ تصویریں سیشن 7 میں استعمال ہوں گی۔

# سیشن 3

10 منٹ

- سیشن 1 میں دیۓ گئے گھر کے کام کے سوالات بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر مختلف زبانوں کا ترجمہ سنیں۔

20 منٹ

- کتاب سے مشکل الفاظ اور محاورے چن کر بورڈ پر فہرست بنائیں۔ ممکنہ معنی بچوں سے پوچھیں اور جو صحیح جواب دے اسے شاباش دیں۔ اگر بچے صحیح جواب نہ دے پائیں تو صحیح معنی خود لکھ دیں۔

| معنی | الفاظ |
|---|---|
| سردی | جاڑا |
| زوردار | گرجدار |
| انصاف کرنے والا | منصف |
| التجا | گزارش |
| بار بار ایک ہی بات دہرانا | رٹ |
| تنگ آ کر | بے زاری سے |
| عقلمندی | ذہانت |
| بحث۔ جھگڑا | تکرار |
| انتظار کرنا | منتظر |
| طریقہ | انداز |

| معنی | محاورے |
|---|---|
| سو جانا | آنکھ لگ جانا |
| ڈر کر بھاگنا | دم دبا کر بھاگ جانا |
| بہت شور مچانا | محلّہ سر پر اٹھا لینا |
| خوش ہونا | کھل اٹھنا |
| بہت جلدی کام مکمل کرنا | چٹکی بجاتے میں کام کرنا |
| خوب پیٹ بھر کر کھانا | ڈٹ کر کھانا |
| اداس یا مایوس ہو جانا | منہ لٹک جانا |
| سونے نہ دینا | نیند حرام کر دینا |
| جھگڑا کرنا | ٹھن جانا |
| لڑائی ختم کروانا | جھگڑا چکانا |

10 منٹ
- الفاظ معنی کی فہرست میں سے کسی 5 الفاظ اور 5 محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- گھر کے افراد کو کہانی پڑھ کر سنائیں اور tolerance پر گفتگو کریں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- 5 سے 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ
- کچھ بچوں سے کہانی کا مرکزی خیال پوچھیں۔ مندرجہ ذیل سوالات کی مدد سے کلاس میں گفتگو کروائیں۔

1 بندر کس وجہ سے بلی اور کتے کی مدد نہ کر سکا؟
2 لومڑی نے کس طرح اپنی چالاکی کا ثبوت دیا؟
3 آپ کے خیال میں گدھے کا فیصلہ غلط تھا یا صحیح؟ جواب وجہ کے ساتھ لکھیں۔
4 آپ کے خیال میں کوّے نے جو بات کہی تھی وہ درست تھی یا غلط؟
5 اس کہانی کا کون سا قصہ آپ کو اچھا لگا اور کیوں؟

10 منٹ
- کہانی کی کتاب میں آخری صفحے پر دی گئی نظم پڑھ کر سنائیں اور معنی اچھی طرح واضح کریں کہ ہر شخص کی اپنی جگہ عزت اور اہمیت ہے۔ ایک چھوٹا سا گھر ہو یا بڑا سا ملک ان میں رہنے والوں میں ذمہ داریاں بانٹیں جاتی ہیں۔ اگر یہ ذمہ داریاں پوری نہ ہوں تو نہ گھر چل سکے گا نہ ملک۔

10 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں دو کولم بنائیں اور اپنے اپنے گھر کے ہر فرد کے بارے میں (کم از کم) تین لائنیں لکھیں کہ ان کی کیا ذمہ داریاں ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- سیشن 2 میں جو معلومات جمع کرنے کو کہا تھا وہ سیشن 5 میں لے کر آئیں۔

# سیشن 5

30 منٹ
- ہر گروپ باری باری اپنے پروجیکٹ کے بارے میں حاصل کی ہوئی معلومات پڑھ کر سنائے۔ ٹیچر جہاں ضروری ہو وہاں پیار سے تصحیح کریں۔

10 منٹ
- جب سب گروپ اپنا اپنا پروجیکٹ present کر چکیں تو ٹیچر سے گفتگو کریں۔ یہ بات بچوں پر ضرور واضح ہو کہ کسی بھی مذہب کی تعلیم بری نہیں ہوتی اور ہر مذہب لوگوں کو اچھائی کی طرف آنے کو کہتا ہے اور کسی کا نقصان نہیں چاہتا۔ ساتھ ہی ساتھ بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ انہیں اس پروجیکٹ کے حوالے سے دوسرے مذاہب کے بارے میں کتنی بہت سی معلومات حاصل ہوئی ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ جمع کی ہوئی تصویریں سیشن 6 کے لئے لے کر آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن کے لئے 6 عدد چارٹ پیپر، گلو اور مارکرز کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 6

45 منٹ
- ہر گروپ کو ایک چارٹ پیپر دیں اور ان سے کہیں کہ تصویریں اور معلومات چارٹ پیپر پر درج کریں۔ چارٹ کلاس میں لگائیں۔ یہ چارٹ تمام اسکول اسمبلی میں بھی دکھائے جا سکتے ہیں۔

# تو تو میں میں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi:  Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale